© rasailojaraid.com



# سفر آخرت کے راہی

انا للہ وانا الیہ راجعون

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس ٥

## شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف صاحب راجووالوی کو صدمہ

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس اور دکھ کے ساتھ سنی گئی کہ جماعت کے بزرگ عالم دین بقیۃ السلف حضرت مولانا محمد یوسف راجووالوی حفظہ اللہ کی بہو اور مولانا عبداللہ سلیم مرحوم کی اہلیہ محترمہ 9 مارچ 2012ء بروز جمعہ کو راجووال میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ نہایت صالحہ، دیندار اور علماء وطلبہ دین کی خدمت گزار خاتون تھیں۔ ہمدردی، خیر خواہی جو اس خاندان کا طرہ امتیاز ہے اس سے اللہ تعالیٰ نے انہیں وافر حصہ عطا فرمایا تھا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اسی روز شام کو جناب محترم پروفیسر عبیدالرحمٰن محسن صاحب نے پڑھائی اور راجووال میں انہیں دفن کیا گیا۔

مرحوم کی وفات ایسے حالات میں ہوئی کہ خود حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف صاحب فراشی ہیں مرحومہ کی وفات سارے خاندان کو عموماً اور حضرت شیخ الحدیث صاحب کو ہے، خصوصاً بڑے صدمہ کا باعث ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا فیصلہ اٹل ہے کہ ہر ذی روح نے موت کا مزہ چکھنا ہے اور پھر وقت مقررہ میں تعجیل وتاخیر بھی ہوئی ہم زندہ لوگ تو صرف مرحومہ کی بخشش اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا ہی کر سکتے ہیں جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی انتظامیہ، اساتذہ وطلبہ خصوصاً شیخ الجامعہ حافظ عبدالعزیز علوی، شیخ الحدیث مولانا محمد یونس، شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم، مفتی جامعہ جناب مولانا عبدالحنان زاہد نے حضرت شیخ الحدیث صاحب سے اور پروفیسر عبیدالرحمٰن محسن صاحب سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی بلندی درجات کی دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین ثم آمین اللھم اغفرلھا وارحمھا وادخلھا جنۃ الفردوس

## مولانا محمد بلال شہزاد کو صدمہ

جماعت کے نوجوان خطیب حضرت مولانا محمد بلال شہزاد وخطیب جامع مسجد اہل حدیث گئوشالہ چیچہ وطنی کا کمسن بیٹا عبدالرحمٰن 10 ماہ کی عمر میں 30 مارچ 2012ء جمعہ بعد نماز عصر اچانک وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

ادارہ ترجمان الحدیث مولانا بلال شہزاد و دیگر پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی تلقین کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بچے کو والدین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ اور تمام لوحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

© rasailojaraid.com